این۔ سی۔ فلمز کا

ہم سب چور ہیں

हम सब चोर हैं

اداکاران
بھارت بھوشن۔ امیتا

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

نمبر ۱ ڈرامہ کے نہ دیکھے گانے

آؤ آؤ لڑکی والو لڑکا نیلام ہو رہا ہے
دلہن کیلئے دولہے کا دام ہو رہا ہے
یہ لڑکا بی اے اس کی بولی ایک ہزار
ایک نہیں بھائی دو ہزار
ارے دو نہیں بھائی چار ہزار۔ ارے چار تو کیا ہے دس ہزار
ارے دس بھی کیا ہے بیس ہزار
بیس ہزار بیس ہزار۔ ارے بیس ہزار۔ دو بیس ہزار تین
دولہا بکتا بیچ بازار۔ یہ ہے شادی یا بیوپار
دیکھ بگڑی تو بابل لائے بیٹی کا سنگھار — دولہا

میرا لڑکا بی اے کی بولی جو بھی بولے۔ بارہ من دو چاندی لائے
سونا تین سو تولے
دو سو جوڑے۔ تیرہ سوٹ بہن کی ساڑھی بھائی کا بوٹ
گھڑی سسر کی۔ ساس کا جوڑا دو موٹر اک بگھی گھوڑا
پلنگ ریڈیو اور قالین۔ رنگ برنگے صوفے تین
یہ سب دو۔ یہ سب دو۔ یہ سب دو۔ تو کر سکتا ہوں کچھ سوچ بچار
ایسی شادی پر دھتکار۔ دھتکار دھتکار
دولہا بکتا بیچ بازار یہ ہے شادی یا بیوپار
دیکھ بگڑی تو بابل لائے بیٹی کا سنگھار — دولہا

میرا لڑکا ان پڑھ پھر بھی قیمت پورا لاکھ
لاکھ تو ہیں پر کیا سیٹھ جی دولہا کی ایک آنکھ
ایک آنکھ کا — لاکھ دو کا لیتا ہوں میں دو لاکھ
کیوں لڑکے کی اتنی بس [illegible] خاندانی رئیس
چار سو بیگھے جاگیر کھلے گی لڑکی کی تقدیر
ایسا ور ایسا ور نہ ملے گا چاہے ڈھونڈو سب سنسار

ایسی شادی پہ دھکار.... دولہا بکتا بیچ بازار....
دیکھے پگڑی نوابی... دولہا....
کلا: دیکھا بابا اپنی کنیا کیسے کنواری
رہ نہ پوچھا پڑھتا جائے بڑھتے دی ذمہ داری
آج خدا بن بیٹھے ہیں یہ بیٹوں کے بیوپاری
چاہے سب گھر بار بکے بک جائیں کپڑے تن کے
میں لاؤں گا بیٹے والو جو بھی چاہو بھکاری بن کے
میں بھکاری بن کے۔ میں بھکاری بن کے۔ میں بھکاری بن کے
موٹر بنگلہ۔ چاندی سونا۔ ہاں ہاں ہاں جی اور کہو
نقدی لاکھ نہیں تو نہ۔ سب منظور ہے کہہ دو ہاں
اچھا تو ہاں ہاں ہاں
جاری جاری دلہنیا پیاری تیرے بابل نے واری مجھ پہ دنیا ساری
نہیں لا کے گھر تم نے یہ دھوکا کیا
لانچ بڑی بلا ہے ملتا ہے ایسے تو پیسا
ابھی منزا یہ تم ہی لو بیٹے بچا تو یہاں سے لالہ
نہ نہ گدھے پہ بٹھائیں گے ہم منہ کر کے کالا
اوپر سے ڈالیں گے گلے میں ہم جوتوں کا ہار
ارے یوں نہ کرنا۔ اس سے اچھا مرنا۔
کیا تم کو دولت پیاری۔ نہ نہ جی عزت پیاری
تو یاد رکھ دو پگڑی۔ مانگو نہ ایک بھی دمڑی
توبہ کر لو آج سے توبہ۔ میرے نواب کی توبہ
کیا مان لی تم ہار۔ ہاں چھوڑا جی چھوڑا یہ بیٹوں کا بیوپار
ایسی شادی پہ دھکار.... دولہا....
دیکھے پگڑی نوابی — دولہا
نمبر۲:۔ ہے یہ جون کا مہینہ آئے بڑا رے پسینہ
مر گئی گرمی سے لے چل شملے بابو۔ میں مر گئی ———
لے چل شملے بابو۔ میرا دل یہ نہیں ہے قابو

کاٹے بیر گئے گال گلابی - نیناں مار گئے بان

نیماں پیت نے رستے بابو مجھ امرت پی لے - میں مر گئی --

نینی بان ہیں نہیں جوا - مری عمر میں جوانی

تو نے میرو ... نہ جانی - جا رے راجا تیمانی - میں مر گئی -

جالی کا تیر تو جا وانے - تیرا بیندا کا نہیں گا

پیار کیا ہے ہم نے بابو دیکھو نہ سننا مہنگا - میں مر گئی —

دیکھو نگر کے بابو کالے یار دل میں تو لگی گھر سے

تیرے نس نس نظر لگی - چلے گئے بن بیرے - میں مر گئی —

مرد - لڑکا — آدم لو - آدم لو - ادم لو

لڑکی - عورتوں کے ڈبے میں مرد آگیا - دیکھو جی مرد آگیا

لڑکا - دھوکا کھا گیا جی میں تو دھوکا کھا گیا

او ستو دھوکا کھا گیا - جی میں تو دھوکا کھا گیا

لڑکی - عورتوں کے ڈبے میں مرد آگیا - دیکھو جی مرد آگیا

دھوکا کھا گیا ——

بولو بولو اس کی سزا کیا ہے

لڑکا - پہلے یہ بتا دو خطا کیا ہے

لڑکیاں - بولو بولو اس کی سزا کیا ہے

لڑکا - پہلے یہ بتا دو - خطا کیا ہے

لڑکی - خطا ہے تمہاری کہ تم نہیں ہو ناری

نینان نے جب ہے ... تم نے سنائی - ... ہے میرے کی دھاری

تو ساڑیوں میں بھٹک ڈالا کیسے آگیا - دھوکا کھا -

تو بیٹو سکی یہ بھری کیسے چلتی ہوئی گاڑی سے پھینک دو - ادر ار

لیکے ہم ہوں میں بیٹھا ... ہوں میں بجھائی

کیسے ... ہی کی ارے میری بہی سگائی

اجی سوچو ذرا سمجھو ... ہوئی تباہی -

ہوا کیا جو میں بھول سے ادھر کو آگیا - دھوکا کھا گیا ——

بولو کان پکڑو گے - اچھا جی پکڑ دوں گا

بولو ناک رگڑ دو گے ،، اچھا جی رگڑ دوں گا
سب کے جوتے کھاؤ گے ،، اچھا جی کھاؤں گا
سب کو ممی بولو گے ۔ اچھا بو۔ نہ۔ نہ نہیں بولوں گا
نہیں بولوں گا ۔ نہیں بولوں گا ۔ مارو مارو پیٹو جی
لڑکی :۔ مارو مارو پیٹو جی ٹانگیں پکڑ گھسیٹو جی کھینچو جی کھینچو جی
لڑکیاں :۔ باہر اس کو پھینکو جی ۔ ناری سماج زندہ باد
ناری سماج زندہ باد ۔ ناری سماج زندہ باد ۔ ۔ ۔ ۔

لڑکا :۔ ارے نہیں ناری سماج مردہ باد

نمبر ۴ :۔ حسین ہو خدا تو نہیں ہو ۔ مگر کو ہوا تو نہیں ہو
یہ چال بے مثال ہے ۔ ادا بھی یہ کمال ہے ۔ مگر سنا ہے آپ کے کمال کو زوال ہے
ابھی وہ تو کہتا ہوں اکڑ کے نہ چلو حسین ہو ۔ حسین ہو خدا تو ۔ ۔ ۔
نہ یوں مٹک مٹک کے چل نہ پاؤں یوں پٹک کے چل
کھڑے ہیں ہم بھی راستوں میں ۔ دو پٹہ نہ جھٹک کے چل
بہت حسین ملیں گے ہم کو ناز نہ کرو حسین ہو ۔ حسین ہو خدا ۔ ۔ ۔
نہ رشتہ ہے یہ آپ کا ۔ نہ رشتہ میرے باپ کا
اگر میں ساتھ ہو لیا تو کیا گیا جناب کا
میں ادمی ہوں کام کا جی ساتھ لے چلو حسین ہو ۔ حسین ہو خدا تو ۔ ۔ ۔

نمبر ۵ جہاں تو تو تو وہاں میں ہی میں جہاں میں وہاں تو
تو ہے کلی گلاب کی میں ہوں تیری خوشبو ۔ جہاں تو تو تو ۔ ۔ ۔
تیرے بنا میرا گزارہ نہیں ، میرے بنا تیرا کوئی چارہ نہیں
موٹی موٹی آنکھوں سے غور دیکھ مجھے میں نے کچھ تیرا بگاڑا نہیں
او میڈم او بیگم او مس ٹنگ ٹنگ لو ۔ جہاں تو ۔ ۔ ۔
تو ہے کلی گلاب کی میں ہوں تیری خوشبو
گورے گورے گالوں پہ اڑا دو زلفیں اور بھی تیرا ابھی میرا حال جی
غصے والی آنکھیں اور لال کرو اور بھی ذرا پھیر کے جال کرو
او میڈم او بیگم او مس ٹنگ ٹنگ ٹنگ لو ۔ جہاں تو ۔ ۔ ۔
تو تو بنی ہے بس میرے لئے ۔ میں ہوں بنا بس تیرے لئے

گھڑی گھڑی چھوڑ کے تو جاتی ہے کہاں
تیرے پیچھے پھرتا ہوں تیرے لئے

میڈم - ادبیگم ....

نمبر۶: لڑکا: تیرے پیچھے پھرتے پھرتے ہو گیا پورا سال رے
گورے گورے مکھڑے والی پوچھ کبھی تو حال رے
لڑکی: ایک سال میں لگا ہے رونے عاشق بڑا کمال رے
پھرا تھا لیلےٰ کے پیچھے مجنوں چودہ سال رے
لڑکا: مجنوں تھا عاشق تو لیلےٰ کو بھی اس سے پیار تھا
لیلےٰ کو بھی اس سے پیار تھا
جو تجھے عاشق ہوتے تو ہم کو کب انکار تھا
ہم کو کب انکار تھا
ایسی ویسی باتوں سے نہ دل والوں کو ٹال رے
تیرے پیچھے پھرتے ....
تیری تمنا کر کے ہم گھر کے رہے نہ گھاٹ کے
ہم گھر کے رہے نہ گھاٹ کے
لڑکی: فرہاد شیریں کی خاطر لایا تھا پربت کاٹ کے
ہیر کی خاطر دیکھو رانجھا بن گیا مہینوال رے
ایک سال میں لگا ہے رونے عاشق بڑا کمال رے
پھرا تھا لیلےٰ کے پیچھے ....
تیرے پیچھے پھرتے ....
جاؤ رومیو پھرتے ہو مارے مارے کیوں
پھرتے ہو مارے مارے کیوں
لڑکا: ہائے جیولیٹ پیاری تو ترچھی نظر مارے کیوں
تو ترچھی نظر مارے کیوں
پہلے ہی تو نے مار مار کے کیا برا حال رے
تیرے پیچھے پھرتے ــــ
لڑکی: ایک سال میں لگا ہے رونے ....

نمبر ۷:- لڑکا:- رات کالی ۔ جگنو چمکیں ۔ آتو ویں جھینگر گائیں
مینڈک دینے تال ۔ آئی نہ چھم چھم والی
سجنیاں آ بھی جا ۔ آ بھی جا
لڑکی:- کیا کروں میں ہے لاچاری ۔ آدھی سوئی آدھی جاگی
بوڑھی ساس تمہاری ۔ کیسے آؤں راجا
سجنوا ہے بتا یہ بتا
جن کو ملنا ہو کبھی کیا ہے جی ۔ اُن کے واسطے
ڈھونڈ لیتے ہیں نین کے وہ لاکھوں راستے
تیری خاطر بنا میں جوگی اب تو نہ ترسا
آجا او متوالی ۔ سجنیاں آ بھی جا
دل کہے کہ چل تو آگے من کہے دل پیچھے
قدم قدم پہ لاج کا پہرہ میرا دامن کھینچے
چھوڑ دے تو دنیاداری ۔ بن جا جوگن ہماری
سُن بڑے گھر والی سجنیا ۔ آ بھی جا ۔ آ بھی جا
کھُل گئی قسمت آج ہماری
مل گئی ہم کو دنیا ساری
لے کے مال ترزاد پیاری آ گئی
آ گئی آ گئی ۔ آ گئی ۔ زلفوں والی
آ گئی متوالی ۔ آ گئی گوری گوری
آ گئی آ گئی چوری چوری
آ گئی دل کی رانی ۔ آ گئی وہ مستانی
آ گئی چھیل چھبیلی ۔ آ گئی وہ نشیلی
نمبر ۸ لڑکے:- باغوں میں کبوتر کالے ۔ آنکھ سے آنکھ ملا لے
کہ دن ہیں پیار دیار کے
لڑکی:- باغوں میں پھول گلابی ۔ نہ رستہ روک شرابی
یوں ہم کو چھیڑ چھاڑ کے
لڑکے:- سکھیوں کے بڑے پیارے ۔ ہیں پھر بھی یار کنوارے

کہ دیکھیں دُور دُور سے

لڑکی:۔ ہے لال سنہری جوڑا۔ مو دلیے کا باپ ہے بوڑھا
کہ دیکھے دُور دُور سے

لڑکے:۔ کھیتوں میں بہ رہے پانی، دو لیے کی ساس ہے کانی
کہ دیکھے ڈیڑھ آنکھ سے

لڑکی:۔ جنگل میں جھومیں ہاتھی۔ ہیں لنگڑے سبھی براتی
کہ چلتے ڈیڑھ ٹانگ سے

لڑکا:۔ بیل کی ٹھنڈی چھاؤں، یہ تو چوروں کا ہے گاؤں
کہ لے گئے دِل توٹ کے

لڑکی:۔ مکی کے بھوٹے دانے۔ جاؤ ریٹ لکھا دو تھانے
نہ برد بھوٹ بھوٹ کے

لڑکا:۔ تیری چیزی کا رنگ دھانی۔ کہاں چلی او سُرمے دانی
یہ سُرمہ ڈال ڈال کے

لڑکی:۔ میں موہا سندری تو ہے بھینگا
میرے بدلے ملے گا ٹھینگا
تو مُنہ لے کر بھول کے

لڑکا:۔ میرا نام ہے بھینگا حیراتی۔ لے آؤں گا میم ولایتی
میں گٹ پٹ بول بول کے

لڑکی:۔ مُڑ مُڑ کے نہ دیکھ موالی
دوں گی ایسی پیٹ کے گالی
کہ رستہ بھول جائے گا

لڑکا:۔ کبھوں دیکھوں تو مُڑ کے چھوری
تب گالی پڑے گی لوری
مزا کچھ اور آئے گا

ختم شُد

(رام تابد پریس دہلی)